ماڈیول ۱۴

حدیث نمبر 23

اعمال صالحہ کا مجموعہ

حضرت ابو مالک حارث بن عاصم الاشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

"طہارت ایمان کا آدھا حصہ ہے، اور الحمد للہ کہنا ترازو کو بھر دیتا ہے۔ سبحان اللہ اور الحمد للہ ملا کر انسان کی نیکیوں کو آسمان اور زمین کے درمیان کے خلا کے برابر کر دیتے ہیں۔ نماز نور ہے، اور صبر روشنی ہے، اور قرآن تمہارے حق میں یا تمہارے خلاف حجت بنے گا۔ ہر انسان صبح اپنے آپ کو بیچتا ہے، یا تو اپنی جان کو آزاد کرتا ہے، یا اسے ہلاک کر لیتا ہے۔"

ابو مالک حارث بن عاصم کا مختصر تعارف

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ مشہور اشعری قبیلے سے تعلق رکھتے تھے اور ایک وفد کے ساتھ نبی ﷺ کے پاس مدینہ آئے اور اسلام قبول کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں 18 ہجری میں وفات پا گئے۔

اس حدیث میں نبی ﷺ نے آٹھ عظیم باتیں بیان کی ہیں جو ایک مسلمان کے لیے رہنمائی ہیں:

طہارت: ایمان کا آدھا حصہ

طہارت کا دو مطلب ہیں، اندرونی طہارت جس میں شرک، بدعت اور گناہوں سے نجات اور ظاہری طہارت میں وضو، غسل اور نجاست سے پاک ہونا شامل ہے۔ وضو کی فضیلت یہ ہے کہ یہ نماز کے لیے شرط ہے، یہ ایک عبادت ہے چاہے نماز کا وقت ہو یا نہ ہو اور وضو گناہوں کی معافی کا ذریعہ ہے۔

الحمدللہ کی فضیلت

یہ ایک عظیم کلمہ ہے جو اللہ کے تمام کمالات اور برتری کا اقرار ہے۔ اگر اس سے ایمان کے ساتھ، اخلاص اور عمل کے تعلق کے ساتھ ادا کیا جائے تو یہ انسان کی نیکیوں کا ترازو بھر دیتا ہے۔ یہ اتنا عظیم کلمہ ہے کہ اللہ نے قرآن کی ابتدا بھی اس سے کی ہے۔

سبحان اللہ اور الحمدللہ کی جمیع فضیلت

ان دونوں کلمات کا اقرار انسان کی نیکیوں کو آسمان اور زمین کے درمیان خلا کے برابر کر دیتا ہے۔ یہ تب ممکن ہے جب انسان کا عقیدہ صحیح ہو اور یہ کلمات اخلاص اور سمجھ کے ساتھ پڑھے جائیں۔

نماز نور ہے

نماز انسانی زندگی کا نور ہے جو دل، چہرے اور آخرت میں روشنی لاتا ہے۔ فجر اور عشاء کی نماز کو اگر آدمی مسجد میں جماعت کے ساتھ پڑھے، تو قیامت کے دن اس کے لیے نور نصیب ہوگا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ فجر اور عشاء کی نماز منافقین پر سب سے زیادہ بھاری ہوتی ہے۔ نماز نور ہے ان کے لیے جن کا عقیدہ صحیح ہو، جو سنت کے مطابق نماز پڑھیں، جو اللہ کی رضا کے لیے پڑھیں، جو خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھیں، جو نماز وقت پر پڑھیں اور جماعت کے ساتھ ادا کریں۔

صدقہ خیرات

مال سے محبت ایک فطری عمل ہے، اس کے باوجود ایک انسان صدقہ، خیرات اور زکات باقاعدگی سے ادا کرتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے دل میں حق ایمان ہے۔

صبر روشنی ہے

صبر کی تین قسمیں ہیں: اللہ کی عبادت پر صبر، گناہوں سے دور رہنے کا صبر اور اللہ کی تقدیر اور آزمائشوں پر رضامندی کا صبر۔ ہمیشہ کے ساتھ صبر کرنا ہی اصل صبر ہے۔ صبر کو "ضیا" اس لیے کہا گیا، کیونکہ یہ سورج کی روشنی کی طرح گرم اور مشکل ہوتی ہے۔

قرآن حجت ہے تمہارے لیے یا تمہارے خلاف

جو لوگ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں اور اس پر عمل کرتے ہیں، قرآن قیامت کے دن ان کا سفارشی بنے گا۔ جو لوگ قرآن کو چھوڑ دیتے ہیں، قرآن ان کے خلاف دلیل بنے گا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "قرآن کی تلاوت کرو، لیکن اس سے اپنا ذریعہ معاش نہ بناؤ، قرآن کے ذریعے اپنے مال میں اضافہ کرنے کی کوشش نہ کرو، قرآن کی تلاوت سے دوری اختیار نہ کرو، اور قرآن پر عمل کرو۔"

ہر انسان اپنے آپ کو بیچتا ہے

ہر شخص اپنے نفس اور عمل کو دن بھر بیچتا ہے: نیک عمل کے ذریعے اپنی جان کو آزاد کر لیتا ہے، اور گناہ کے ذریعے اپنی جان کو ہلاک کر لیتا ہے

Hadith Number 23

Amal-e-Saliha Ka Majmua

Hazrat Abu Malik Haris Bin Asim Al-Ash'ari رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne farmaya: "Taharat iman ka aadha hissa hai, aur Alhamdulillah kehna tarazu ko bhar deta hai. Subhan Allah aur Alhamdulillah mila kar insaan ki naikion ko aasman aur zameen ke darmiyan ke khala ke barabar kar dete hain. Namaz noor hai, aur sabr roshni hai, aur Quran tumhare haq mein ya tumhare khilaf hujjat banega. Har insaan subah apne aap ko bechta hai, ya to apni jaan ko azaad karta hai, ya usse halaak kar leta hai."

Abu Malik Haris Bin Asim Ka Mukhtasir Taaruf

Hazrat Abu Malik رضی اللہ عنہ mashhoor Ash'ari qabile se talluq rakhte the aur ek wafd ke sath Nabi ﷺ ke paas Madina aaye aur Islam qabool kiya. Aap رضی اللہ عنہ Hazrat Umar رضی اللہ عنہ ke dor-e-khilafat mein 18 Hijri ko wafat pa gaye.

Is hadith mein Nabi ﷺ ne aath azeem baatain bayan ki hain jo ek musalman ke liye rehnuma hain:

Taharat: Iman Ka Aadha Hissa

Taharat ka do matlab hain,Androoni taharat jis me shirk, bid'at aur gunaahon se nijat aur zahiri taharat me wuzu, ghusl aur najasat se paak hona.Wuzu ki fazilat yeh hai ke yeh namaz ke liye shart hai, yeh ek ibadat hai chahe namaz ka waqt ho ya na ho aur wuzu gunahon ki maafi ka zariya hai.

Alhamdulillah Ki Fazilat

Yeh ek azeem kalima hai jo Allah ke tamam kamalat aur bartriyat ka iqrar hai.Agar isse imaan ke sath, ikhlas aur amal ke taluq ke sath ada kiya jaye, to yeh insaan ki nakion ka tarazu bhar deta hai. Yeh itna azeem kalima hai kay Allah ne Quran ke shuruwaat is se ke hain.

Subhan Allah Aur Alhamdulillah Ki Jamee Fazilat

In dono kalimat ka iqrar insaan ki nekion ko aasman aur zameen ke darmiyan ke khala ke barabar kar deta hai.Yeh tab mumkin hai jab insaan ka aqeeda sahi ho aur yeh kalimat ikhlas aur samajh ke sath padhe.

Namaz Noor Hai

Namaz insani zindagi ka noor hai jo dil, chehre aur aakhirat mein roshni laata hai.Fajr aur Isha ki namaz ko aadmi agar masjid mein jamaat ke sath padhe, to qayamat ke din noor naseeb hoga.Nabi Akram ﷺ ne farmaya kay fajar aur isha ke namaz munafiqoon par bhari hai. Namaaz noor hai un kay liye jin ka aqeedah sahi ho, sunnat kay mutabiq namaz parhe, Allah ke raza kay liye parhe,khushu aur khuzu kay sath,namaz waqt par parhe aur jama’at kay saath ada kare.

Sadqah Khairaat

Maal se muhabbat ek fitri amal hai, is kay bawajod ,ek insaan sadqah, khairaat aur zakat baqaidgi se ada karta hai to yeh is baat ki daleel hai kay us kay dil me haq imaan hai.

Sabr Roshni Hai

Sabr ki teen qisam hain,Allah ki ibadat par sabr, gunahon se door rehne ka sabr aur Allah ki taqdeer aur azmaisho par razamandi ka sabr. Hameshgi kay sath sabr karna hi asal sabr hai.Sabr ko "ziya" is liye kaha gaya, kyunke yeh soraj ki roshni ki tarah garam aur mushkil hoti hai.

Quran Hujjat Hai Tumhare Liye Ya Tumhare Khilaf

Jo log Quran ki tilawat karte hain aur us par amal karte hain, Quran qayamat ke din unka safarishi banega. Jo log Quran ko chor dete hain, Quran unke khilaf daleel banega.Nabi ﷺ ne farmaya:"Quran ki tilawat karo, lekin isse apna zariya-e-ma'ash na banao. Quran ke zariye apne maal mein izafa karne ki koshish na karo. Quran ki tilawat se doori ikhtiyar na karo. Aur Quran par amal karo."

Har Insaan Apne Aap Ko Bechta Hai

Har shakhs apni rooh aur amal ko din bhar bechta hai:Naik amal ke zariye apni jaan ko azaad kar leta hai.Insaan gunaah ke zariye apni jaan ko halaak kar leta hai.